284-جدید مسلمان اپنا نام کس طرح تبدیل کرے

سوال

میری پیدائش پروالدنے میرانام اپنے کفریہ عقائد کے مطابق رکھا تومیں نے اسلام قبول کرنے کے بعداپنا نام اسلامی رکھ لیا توکیاایسا کرنا صحیح ہے ؟ ۔

پسندیدہ جواب

اللہ تعالی جسے ھدایت دے اوروہ اسلام قبول کرلے تواس کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ اپنا نام اسلامی رکھ لے اوراپنی نسبت والداورخاندان کی طرف ہی رہنے دے اس لیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمان ہونے والے صحابہ کرام کوا پنے اباء واجداد کے نام بدلنے کا حکم نہیں دیا بلکہ صرف ان لوگوں کے نام بدلے جن کا نام حرام اوریا پھر مکروہ تھا ۔

اوراس لیے کہ آپ کے نام میں بت پرستی کی اصل اورشائبہ پایا جاتا ہے لھذا آپ اپنا نام بدل کراسلامی نام مثلا بلال یا کوئی اور صحیح نام رکھ لیں ، اورا پنے نسب پر ہی باقی رہیں اورپھراس میں آپ کے والدین بھی راضی رہیں گے ، ہم اللہ تعالی سے ان کی ھدایت اورا پنے اورآپ کے لیے توفیق کی لیے دعا کرتے ، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمتیں نازل فرمائے ۔

واللہ اعلم .